علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ !

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تعارف علوم اسلامیہ دوم (3920) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس (سیرت سٹڈیز)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | **امتحانی مشق نمبر1** | کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ1-4)

سوال نمبر1- علم تصوف کے بنیادی تصورات کا قرآن و سنت کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ کریں اور واضح کریں کہ علم تصوف کا انسانی کردار سازی سے کیا تعلق ہے؟ (20)

سوال نمبر2- ہندو مت اور سکھ مت کے بنیادی عقائد، مذہبی تصورات، عبادات اور معاشرتی تعلیمات کا تجزیہ کرتے ہوئے دونوں مذاہب میں پائی جانے والی مماثلتوں اور اختلافات کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3- عیسائیت کے بنیادی مذہبی عقائد کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ یہ عقائد عیسائی مذہبی فکر، عبادات اور معاشرتی زندگی کو کس طرح متاثر کرتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر4- علمِ تاریخ کے مقاصد اور اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے کسی ایک تاریخی واقعے کا انتخاب کریں اور واضح کریں کہ تاریخی علم کے اصولوں کو استعمال کرتے ہوئے اس واقعے سے موجودہ معاشرے کے لیے کیا رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔(20)

سوال نمبر5- اسلامی معاشیات اور سرمایہ دارانہ نظام کے بنیادی اصولوں کو یکجا کرتے ہوئے ایک جامع تقابلی خاکہ تیار کریں جس میں ملکیت، دولت کی تقسیم، منافع، معاشی عدل اور انسانی فلاح کے حوالے سے دونوں نظاموں کی نمایاں خصوصیات واضح ہوں۔ (20)

کل نمبر:100 | **امتحانی مشق نمبر2** | کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ خلافت کے تصور کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے خلفائے راشدین کے طرزِ حکمرانی میں مشاورت، عدل، احتساب، عوامی فلاح اور حکمران کی ذمہ داری کے اصولوں کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اندلس کی اسلامی تہذیب کے علمی، سائنسی، تعلیمی، ادبی اور فنی اثرات کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ ان اثرات نے یورپ کی علمی و تہذیبی ترقی میں کن پہلوؤں سے کردار ادا کیا۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی ثقافت میں لباس اور تہواروں کی نمایاں خصوصیات کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ جدید دور میں اسلامی ثقافتی شناخت برقرار رکھنے میں ان روایات کو کن چیلنجز کا سامنا ہے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مسلمان ماہرینِ کیمیا کی خدمات اور سائنسی طریقۂ تحقیق کے اصولوں کی روشنی میں کسی ایک جدید کیمیائی مسئلے یا شعبے کا انتخاب کریں اور واضح کریں کہ مسلم سائنس دانوں کے تحقیقی منہج سے اس مسئلے کے حل کے لیے کیا رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ (20)

سوال نمبر5۔ عربی زبان کی تاریخی، دینی اور تہذیبی اہمیت کو باہم مربوط کرتے ہوئے ایک جامع تجزیاتی خاکہ تشکیل دیں جس میں اسلامی علوم، ادب، تہذیب اور جدید علمی دنیا میں عربی زبان کے کردار کو یکجا کر کے واضح کیا گیا ہو۔ (20)